
بچوں کا رسالہ

Worksheets for kids




اپنے دین کو سیکھیں
رنگ برنگی دنیا میں

Struggling slaves
Kids

دین کے درجات

دین اسلام کے تین درجات بتائے گئے

- اسلام
- ایمان
- احسان



اسلام:

گواہی دینا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد ﷺ اللہ کے رسول ہے

نماز قائم کرنا

زکوٰۃ دینا

رمضان کے روزے رکھنا

حج کرنا۔



ایمان

IMAN




ایمان:

ہم ایمان لائے اللہ پر
اس کے ملائکہ پر
اسکے کتابوں پر
اس کے رسولوں پر
آخرت کے دن پر اور
اچھی بری تقدیر اللہ کی طرف
سے ہے ۔

احسان:

اللہ کی عبادت ایسے کرنا
چاہیے جیسے ہم اسے دیکھ
رہے ہیں اور
اگر ہم ایسے نہیں کر سکتے،
وہ تو ہمیں دیکھ رہا ہے ۔

ارکان اسلام



نبی ﷺ فرمائے دین کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے

گواہی دینا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد ﷺ اللہ کے رسول ہے، نماز قائم کرنا، زکوٰۃ دینا، رمضان کے روزے رکھنا، حج کرنا۔

بخاری:8، مسلم:16




پہلا رکن:

گواہی دینا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد ﷺ اللہ کے رسول ہے۔



یہ دو گواہی سب سے بڑا رکن ہے

اسلام میں داخل ہونے کی کنجی ہے، ان کا زبان سے اقرار سے ہی انسان دین اسلام میں داخل ہوتا ہے ۔



دوسرا رکن:



نماز قائم کرنا

نماز دین کا اہم ستون ہے ۔



نماز ہر مسلمان پر فرض ہے ۔

نماز کی حفاظت ایمان ہونے کی علامت ہے ۔



تیسرا رکن:

زکٰوۃ ادا کرنا

جس کے پاس اتنا مال ہو کہ زکٰوۃ فرض ہوجائے تو زکٰوۃ ادا کرنا ہوگا۔



زکٰوۃ غریبوں اور مسکینوں کو دینا چاہیے ۔

زکٰوۃ دینا ایمان کی علامت ہے ۔

چوتھا رکن:



رمضان کے روزے رکھنا

رمضان کے روزہ رکھنا ہر مسلمان پر فرض ہے ۔

روزہ سے مسلمان تقوی حاصل کرتا ہے، اور اللہ کے قریب ہوتا ہے ۔



رمضان کے روزے رکھنا ایمان کی علامت ہے ۔

پانچواں رکن:

بیت اللہ کا حج کرنا



زندگی میں ایک بار حج فرض ہے جو اس کی استطاعت رکھتا ہے ۔



حج مبرور کا اجر جنت ہے۔

حج کا ادا کرنا ایمان کی علامت ہے ۔

صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

دین اسلام کے کتنے درجات ہیں؟

1 ☆ □

3 ☆ □

2 ☆ □

دین اسلام کے درجات کو ترتیب سے نمبر لکھیں

احسان ☆ □

اسلام ☆ □

ایمان ☆ □

نبی ﷺ کی حدیث کے مطابق ارکان اسلام کتنے ہیں؟

3 ☆ □

5 ☆ □

4 ☆ □

ایمان سے اونچا درجہ کونسا ہے؟

احسان ☆ □

اسلام ☆ □

ایمان ☆ □

اسلام کے ارکان پر ⭕ نشان بنائیں

توحید

توبہ

صدقہ

نماز

قربانی

زکوٰۃ

روزہ

احسان

عمرہ

حج

صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

اللہ کی عبادت ایسے کرنا چاہیے جیسے ہم اسے دیکھ رہے ہیں، اور ہم ایسے نہیں کر سکتے ہیں وہ تو ہمیں دیکھ رہا ہے ۔

یہ جملہ کس کلمہ کا مفہوم ہے؟

- ایمان ☐
- اسلام ☐
- احسان ☐


احسان کے مفہوم میں اللہ کو دیکھنا یعنی؟

- خشوع خضوع کے ساتھ نماز پڑھنا۔ ☐
- ایسے ہی کہہ دیا گیا۔ ☐

صحابہ کرام نے نبی ﷺ سے کس طرح نماز سیکھی؟

- خشوع خضوع کے ساتھ پڑھی جانے والی نماز ۔ ☐
- صرف ایک فرض کی ادائیگی والی نماز۔ ☐

ایمان کے ارکان




ایمان کے ارکان کی اہمیت

یہ ہمارے دین کا بنیادی قائدہ ہے۔

ان کا جاننا ہر مسلم پر فرض ہے ۔

ان پر ایمان کے بعد ہی نیک اعمال اللہ کے پاس قبول ہوتے ہیں ۔



عمر بن خطاب رضی اللہ کی روایت ہے ، جبریل علیہ السلام (انسانی شکل میں) نبی ﷺ کے پاس آے اور دریافت کیا:

ایمان کیا ہے؟

نبی ﷺ نے فرمایا: تم ایمان لاؤ اللہ پر، اس کے ملائکہ پر، اسکے کتابوں پر، اس کے رسولوں پر، آخرت کے دن پر اور ایمان لاؤ کے تقدیر پر کہ شر اور خیر اسی کی طرف سے ہے ۔



اوپر بتائی گئی حدیث میں ایمان کے ارکان کونسے ہیں

- ☆ اللہ پر ایمان ☐
- ☆ ملائکہ پر ایمان ☐
- ☆ کتابوں پر ایمان ☐
- ☆ رسولوں پر ایمان ☐
- ☆ آخرت کے دن پر ایمان ☐
- ☆ اچھی بری تقدیر پر ایمان ☐
- ☆ قیام الیل پڑھنا ☐

نیچے دیئے گئے جملے کس ایمان کی تعبیر ہے صحیح جواب سے جوڑیں

☆ قرآن	— اللہ پر ایمان
☆ جبرائیل علیہ السلام	— ملائکہ پر ایمان
☆ جنت اور دوزخ	— کتابوں پر ایمان
☆ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر	— رسولوں پر ایمان
☆ ابراہیم ع، موسی ع، عیسی ع	— آخرت کے دن پر ایمان
☆ تورات اور انجیل	— اچھی بری تقدیر پر ایمان
☆ میکائیل ع	
☆ اچھے برے حال پر اللہ کی طرف پلٹنا	

صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

حدیث جبرائیل علیہ السلام کے راوی کون ہے؟

- حضرت انس بن مالک رضی اللہ
- حضرت عمر فاروق رضی اللہ

حضرت جبرائیل علیہ السلام صحابہ کے درمیان کس شکل میں آئے؟

- فرشتے کی
- انسانی

ایمان کے کتنے ارکان ہیں؟

- 6
- 5
- 4

صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

سب سے پہلے ایمان کس پر لانا بتایا گیا؟

- ☆ اللہ ☐
- ☆ کتاب ☐
- ☆ ملائکہ ☐

تقدیر پر ایمان یعنی؟

- ☆ اچھی بری ہر بات اللہ کی طرف سے ہے ۔ ☐
- ☆ ایک لکھی ہوئی بات ہے ۔ ☐

ایمان کے ارکان میں کون سی چیز غیب میں نہیں ہے بلکہ ہم دیکھ سکتے ہیں؟

- ☆ رسول ☐
- ☆ کتاب ☐
- ☆ آخرت کا دن ☐

نیچے دیئے گئے خالی جگہ پر کریں

اسلام کے ارکان

ایمان کے ارکان

احسان

نیچے دیئے گئے خالی جگہ پر کریں







Arkan Al-Iman

Arkan Al-Islam